مطبوعات

پستالوزی کا فلسفۂ تمدن و تعلیم | تالیف ڈاکٹر عبدالمجید صاحب زبیری - بی - اے (جامعہ) ایم - اے - پی - ایچ - ڈی ضخامت ۲۱۶ صفحات، قیمت عہ - ملنے کا پتہ: مکتبہ جامعہ دہلی

پستالوزی جرمنی کا مشہور ماہر تعلیم اور فلسفی گذرا ہے، جو فلسفۂ تعلیم، فلسفۂ تمدن اور فلسفۂ مذہب میں سے ہر ایک کے متعلق اپنا مخصوص نظریہ رکھتا تھا اور جس کے تعلیمی فلسفہ نے دنیائے تعلیم میں ایک زبردست انقلاب پیدا کر دیا۔ اس نے بچے کی فطرت کا نہایت گہرا مطالعہ کیا تھا اور اس کے ساتھ چونکہ وہ ایک سلیم الطبع اور مذہبی آدمی تھا اس لیے اُس کی مخلصانہ عرق ریزیوں نے بچوں کی تعمیر و تربیت میں گرانقدر خدمات انجام دیں -

ڈاکٹر صاحب نے اپنی اس تصنیف میں اٹھارھویں صدی کے اسی فلاسفر کے افکار و خیالات پر سیر حاصل تبصرہ کیا ہے - پہلے تو دکھایا ہے کہ جس ماحول میں وہ پیدا ہوا تھا اس کے نفسی عوامل کیا تھے اور ان نفسی عوامل کا اور اس وقت کی مذہبی اور تمدنی تحریکات کا اس کے قوائے فکر و عمل پر کیا اثر پڑا۔ اس کے بعد مختصراً اس کے سوانح حیات بیان کیے گئے ہیں - اور پھر تفصیل کے ساتھ اس کے، تعلیم، تمدن، مذہب اور سیاست کے متعلق خیالات پر بحث کی گئی ہے۔

مؤلف موصوف مغرب کے مذہبی احساس کے متعلق بہت خوش گمان معلوم ہوتے ہیں اور اسکی تمام تحریکات و نظریات حتیٰ کہ نظریۂ ارتقاء تک میں وہ "گہرے مذہبی تصور" کا جلوہ دیکھتے ہیں - ممکن ہے انفرادی حیثیت سے یہ مذہبی تصور کسی کسی دماغ میں موجود ہو مگر جہانتک عملی اور